نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21-سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

<u>گندم کی کاشت اوراس کے پیداواری ہدف کے حصول کے لئے پرعزم ہیں۔حکومت پنجاب کاشتکاروں کوتمام ممکنہ وسائل فراہم کرنے کے لئے ہرممکن اقدامات کررہی ہے:صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی ضلع شیخوپورہ میں گندم کے کاشتکاروں کی آگاہی کے لئے منعقدہ تقریب میں بطورمہمان خصوصی شرکت</u>

لاہور 09 نومبر 2021: گندم کی پیداوار میں اضافہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ضلع شیخوپورہ میں گندم کی اوسط پیداوار 37 من فی ایکڑ ہے جسے محنت،توجہ اور جدید پیداواری ٹیکنالوجی پرعمل پیرا ہوکر 40 من فی ایکڑ تک لیجایا جاسکتا ہے۔گزشتہ سال ضلع شیخوپورہ میں گندم کی فصل 5 لاکھ 13 ہزار ایکڑ پر کاشت ہوئی جس سے 6 لاکھ 81 ہزار میٹرک ٹن پیداوار حاصل ہوئی۔ مجھے اُمید ہے کہ امسال ضلع شیخوپورہ میں اس سے زیادہ رقبہ گندم کے زیر کاشت لایا جائے گا ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے ضلع شیخوپورہ میں گندم کے کاشتکاروں کی آگاہی کے لئے منعقدہ تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔انھوں نے مزید کہا کہ امسال صوبہ پنجاب کے لئے گندم کی کاشت کا ہدف 1 کروڑ 67 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے۔موجودہ حکومت وزیراعظم پاکستان عمران خان کے وژن اور وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان خان بزدار کی قیادت میں زرعی اجناس کی کمی کو دور کرنے اور ملکی سطح پر فوڈ سیکیورٹی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کررہی ہے۔انھوں نے کہا کہ کاشتکار بھائیوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ گندم کی زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لئے محکمہ زراعت کی سفارشات،متناسب کھادوں کا استعمال اورسرٹیفائیڈ بیجوں کے استعمال پر زور دیا اور ہدایت کی ہے کہ گندم کی زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کاشت کریں۔امسال گندم کی منظورشدہ اقسام کے 10 لاکھ بیگ بحساب 1200 روپے فی بیگ سبسڈی پر فراہم کئے جارہے ہیں اور مجموعی طور پر 1 کروڑا ایکڑ رقبہ پر گندم کی منظورشدہ اقسام کا بیج کاشت کیا جارہا ہے۔کاشتکاروں میں جدید پیداواری ٹیکنالوجی متعارف کروانے کے لئے نمائشی پلاٹ،سیمینارز اور یوم کاشتکاران کا انعقاد کیا جارہا ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ 12 ارب 54 کروڑ روپے کی خطیر رقم سے گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے قومی پروگرام پر عملدرآمد جاری ہے اور مالی سال 22-2021 کے دوران اس منصوبہ کے تحت گندم کی مشینی کاشت کے فروغ کے لئے 50 فیصد سبسڈی پر 1 ارب روپے سے زیادہ کی جدید زرعی مشینری سمیت دیگر زرعی مداخل فراہم کیے جارہے ہیں۔اس کے علاوہ وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے مزید بتاتے ہوئے کہا کہ " کسان کارڈ" کے اجراء کا انقلابی پروگرام شروع کیا گیا ہے جس کے ذریعے تمام سبسڈیز کو کیش ٹرانسفر کی صورت میں براہ راست کاشتکاروں کے اکاؤنٹ میں منتقل کی جارہی ہیں اور صوبائی وزیرزراعت نے کاشتکاروں سے اپیل کی کہ وہ جلد از جلد کسان کارڈ کی رجسٹریشن مکمل کروائیں تاکہ حکومت کی طرف سے فراہم کردہ سبسڈی براہ راست اُن کے اکاؤنٹ میں منتقلی سے کاشتکار بروقت زرعی مداخل خرید سکیں تاکہ اہم فصلوں کے پیداواری اہداف کو یقینی بنایا جاسکے۔تقریب میں ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر محمد انجم علی،ڈائریکٹر زراعت (توسیع) لاہور ڈویژن شیر محمد شراوت،ڈپٹی ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں،نجی فرٹیلائزر کمپنی کے نمائندگان کے علاوہ مقامی محکمہ زراعت کے افسران،کاشتکاروں اور میڈیا کے نمائندگان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

☆☆☆☆